# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### ’پہل‘ موسم سرما ریلیف اینی شیٹیو دو ہزار پچیس چھبیس، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خاص ضرورتوں کے حامل بچوں کے لیے امید اور گرم جوشی کا سبب بنا

New Delhi, February 04, 2026

ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی (ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس) نے نیوسوشیو اکونومک ریسرچ اینڈ ڈولپمنٹ (این ایس ای آر ڈی) کے اشتراک سے تین فروری بروز منگل، چائلڈ گائیڈینس سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ’پہل‘ ونٹر ریلیف کمبل کی تقسیم دو ہزار پچیس چھبیس کا کامیاب انعقاد کیا۔اس کا مقصد معذور بچوں اور ان کے اہل خانہ کو موسم سرما میں راحت پہنچانا تھا۔ پروگرام میں مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس کے نائب صدر پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ پروفیسر رضوی نے اپنی تقریر میں سماجی ذمہ داری، شمولیتی تعلیم اور کمیونی ٹی کے ساتھ رابطے کے تئیں جامعہ کے دیرینہ عہد پر زور دیا۔انہوں نے سماجی فلاح و بہبود کی پہل کو آگے بڑھانے میں ادارہ جاتی اشتراک کی اہمیت بھی اجاگر کی اور معذور افراد کی ہمہ جہت ترقی، رسائی اور مساوات کے فروغ کے لیے انتظامیہ کی طرف سے مستقل تعاون کا بھی اعادہ کیا۔انہوں نے منتظمہ کمیٹی کی کوششوں کی تعریف کی اور یونیورسٹی اور سوسائٹی کے وژن کو بامعنی کام میں تبدیل کرنے کے لیے ان کی اہم خدمات کی بھی ستائش کی۔

پروگرام کا انعقاد عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس کے صدر پروفیسر مظہر آصف کی اہل اور دور اندیش قیادت و رہنمائی میں ہوا جو ہمیشہ سے سماجی آؤٹ ریچ، مساوات اور شمولیت پر زور دیتے ہیں جس نے سوسائٹی کی بہبود و فلاح سے متعلق پہل کو مضبوط و مستحکم بنیاد بھی فراہم کی ہے۔معذور افراد کو بااختیار بنانے اور انہیں سماج کے اصل دھارے میں شامل کرنے کے تئیں ان کا متواتر عہد پالیسی سپورٹ، علمی ارتباط اور کمیونی ٹی کے ساتھ رابطہ کے توسط سے شمولیتی ترقی کو فروغ دینے میں جامعہ کے رول کو لگاتار مضبوط بنا رہا ہے۔

اس موقع پر نیو فرینڈس کالونی کے اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس جناب روی شنکر نے سامعین سے خطاب کرتے ہوئے محفوظ، شمولیتی اور ہمدردانہ معاشرے کی تعمیر و تشکیل میں قانون کی نفاذی ایجنسیوں اور سماجی بہبود کی تنظیموں کے درمیان قریبی تعاون کی اہمیت نشان زد کی۔انہوں نے معذور بچوں کی بہبود اور فلاح کے لیے ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس اور این ایس ای آر ڈی کی

جانب کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور مستقبل کی آؤٹ ریچ سرگرمیوں میں دہلی پولس کی جانب سے مستقل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس کی سماجی خدمت کے مشن کے فروغ میں پولس انتظامیہ کی جانب سے تمام ممکنہ مدد کے تئیں اس کے عہد کا اعادہ کیا۔

ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس کے جنرل سکریٹری پروفیسر محمد غازی شاہنواز نے اپنی گفتگو میں سماجی انصاف، صلاحیت سازی اور شمولیتی ترقی کے فروغ میں سوسائٹی کے طویل مدتی اہداف اور وژن کو تفصیل سے پیش کیا۔ معذور اور کمزور افراد جنہیں مسائل اور چیلنجیز درپیش ہیں ان کے حل کے لیے انہوں نے مستقل ادارہ جاتی تعاون اور کمیونٹی شراکت کی ضرورت پر زور دیا۔

ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس کے سکریٹری ڈاکٹر محمد فیض اللہ خان نے پروگرام کی منصوبہ بندی اور اس کی رابطہ کاری میں مرکزی رول ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے موثر نفاذ کو بھی یقینی بنایا۔ ڈاکٹر خان نے اپنی تقریر میں خاص ضرورتوں کے حامل بچوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے امدادی میکانزم کو مضبوط بنانے کے سوسائٹی کے عہد کی از سرنو تصدیق و توثیق کی اور مندوبین، شراکت دار تنظیموں، اہل خیر حضرات اور رضا کاروں کے گراں قدر تعاون کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

این ایس ای آر ڈی کے چیئر مین محمد کیف کی قیادت اور ہمدرد لرننگ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے ایکزیکیٹو سکریٹری شوکت ایچ ایچ مفتی کی فعال شراکت اور منتظمہ کمیٹی کے دیگر اراکین کے تعاون سے پروگرام منعقد ہوا۔

پروگرام میں کنٹرولر امتحانات (سی او ای) ڈینز، ڈائریکٹرز اور سوسائٹی کی گورننگ باڈی کے معزز اراکین سمیت سینئر علمی ہستیوں کی موجودگی اور پہل کے لیے مضبوط ادارہ جاتی اور انتظامی مدد پر اظہار خیال کے ساتھ اس کی افادیت مزید بڑھ گئی۔

پروگرام کو ہیومن ویلفیئر فاؤنڈیشن اور ہمدرد لرننگ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کی جانب سے فراخ دلانہ تعاون ملا جس نے پروگرام کے کامیاب نفاذ میں اہم رول ادا کیا۔

’پہل‘ موسم سرما ریلیف انیشیٹیو، سماج کی پس ماندہ کمیونٹی کی ہمہ جہت ترقی اور ان کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے خاص طور پر معذور بچوں اور ان کے اہل خانہ کے تئیں وقار، مساوات اور سماجی شمولیت کو فروغ دینے کے سلسلے میں ڈی زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس اور این ایس ای آر ڈی کے اجتماعی عہد کا پختہ ثبوت ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ